Roll No. | | | | | | | Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ___________ Sig. of Invigilator.____________

# اُردو(لازمی) ایس ایس سی-II

وقت: 20منٹ — حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف ر ب ر ج ر د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) یہ عالم اللہ تعالیٰ نے کس چیز سے بھر دیا؟ (بحوالہ نظم،حمد)
الف۔ رنگ و بو سے ب۔ مخلوقات سے
ج۔ جمادات و نباتات سے د۔ کشاکش کی صدائے ہاؤ ہو سے

(ii) متن کے مطابق محبوبِ پروردگار کا پیغام کیا ہے؟ (بحوالہ شاملِ نصاب،نعت)
الف۔ اصولِ محبت ب۔ غم گساری ج۔ امانت داری د۔ غریب نوازی

(iii) مرزا محمد سعید کی عزیز داری کس شخصیت سے تھی؟
الف۔ سر سید احمد خان ب۔ شیخ عبدالقادر ج۔ شاہد احمد دہلوی د۔ مشتاق احمد زاہدی

(iv) اکبر کے دور میں کس نے سختیاں جھیلیں؟
الف۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ ب۔ شاہ ولی اللہ ج۔ سید احمد بریلویؒ د۔ شاہ اسمٰعیل شہیدؒ

(v) مصنف کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے:
الف۔ محمد مرزا ب۔ شاکر صاحب ج۔ قرض خواہ دوست د۔ محمد تحسین

(vi) ادا جعفری کی غزل (یہ فخر تو حاصل ہے، برے ہیں کہ بھلے ہیں) کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟
الف۔ شہر درد ب۔ سازِ سخن بہانہ ہے ج۔ غزالاں تم تو واقف ہو د۔ میں ساز ڈھونڈتی ہوں

(vii) سبق ملمع اصنافِ سخن کے لحاظ سے کیا ہے؟
الف۔ داستان ب۔ افسانہ ج۔ مضمون د۔ ناول

(viii) ڈاکٹر سراج الحسن کی ایک خوبی یہ تھی کہ وہ تھے:
الف۔ نباض ب۔ فیاض ج۔ مردم شناس د۔ خوش مزاج

(ix) استنبول کو کس کا گھر کہا جاتا ہے؟
الف۔ عجائب گھروں کا ب۔ مسجدوں کا ج۔ کتب خانوں کا د۔ مقبروں کا

(x) پون ٹوٹی (چنگی) کس چیز پر معاف تھی؟
الف۔ ترکاری اور پھل ب۔ اناج اور اپلے ج۔ غلہ اور ترکاری د۔ پھل اور اپلے

(xi) رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے؟
الف۔ دلی ب۔ علی گڑھ ج۔ لاہور د۔ لکھنؤ

(xii) زمین پر خلقِ خدا کس چیز کو ترس رہی تھی؟ (میدان کربلا میں گرمی کی شدت)
الف۔ پانی کو ب۔ آبِ خنک کو ج۔ ٹھنڈی ہوا کو د۔ بادل کے سائے کو

(xiii) نظم فاطمہ بنت عبداللہ اقبال کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟
الف۔ بانگِ درا ب۔ بالِ جبریل ج۔ ضربِ کلیم د۔ ارمغانِ حجاز

(xiv) شاعر نے کس سڑک کا مضحکہ اڑایا ہے؟
الف۔ مال روڈ ب۔ مال گودام روڈ ج۔ طارق روڈ د۔ بندر روڈ

(xv) جس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے وہ قواعد کی رو سے کیا کہلاتا ہے؟
الف۔ پہلا شعر ب۔ آخری شعر ج۔ مطلع د۔ مقطع

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: ____

# اُردو(لازمی) ۔ ایس ایس سی -II

وقت: 2:40 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 35)

سوال نمبر۲: الف: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے پندرہ (15) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں۔ (15x2=30)

(i) مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

(ii) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟

(iii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟

(iv) عید کی شاعری کا ہماری دینی اور تہذیبی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(v) مصنف پر اس فقیر کی تقریر نے کیا اثر کیا؟

(vi) لڑکی سٹیشن پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟

(vii) نام دیو مالی کی موت کا سبب کیا تھا؟

(viii) علی بخش سے مصنف کی ملاقات کیسے ہوئی؟

(ix) مرزا غالب نے کتابوں پر کیا رائے دی؟

(x) شاعر نے سر کا درد بڑھنے کی کیا وجہ بتائی ہے؟ (بحوالہ نظم: اونٹ کی شادی)

(xi) کون سی قوتیں کسان کے سرنگوں رہتی ہیں؟

(xii) انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

(xiii) سڑک پر چلنے والی کن سواریوں کا حلیہ بگڑتا ہے؟

(xiv) ''جھیل گئے دکھ جھیلنے والے'' اس مصرع کا مفہوم بیان کریں۔

(xv) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کریں۔

(xvi) مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں: لطیف ، جفت

(xvii) مندرجہ ذیل اشعار شعری اصطلاحات کی رو سے کیا ہیں؟

الف۔ صبح آیا جانبِ مشرق نظر　　　اک نگارِ آتشیں، سر کھلا

ب۔ رن کی زمیں تو سرخ تھی اور زرد آسمان　　　گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

(xviii) درج ذیل جملے کی ترکیب نحوی کریں:

'' رافعہ اور مومنہ کتابیں خریدنے گئیں''۔

(xix) کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے؟ ارکان استعارہ الگ کریں۔

ب۔ '' جہاں چاہ وہاں راہ '' کے موضوع پر کہانی تحریر کریں۔ (5)

## حصہ سوم (کُل نمبر 25)

**سوال نمبر۳:** **سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+4=5)**

الف۔ ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے، اس صلاحیت کو درجہ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے۔ درجہ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے، نہ پہنچ سکتا ہے۔ لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان، انسان بنتا ہے۔ یہ سمجھو کندن ہو جاتا ہے۔ حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی، خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا؟ اگر نیکی اور بڑائی کا یہ معیار ہے تو نام دیو نیک بھی تھا اور بڑا بھی۔

ب۔ پرانی تہذیبوں کی تاریخ کا ایک دریا تھا کہ امڈا چلا آتا تھا۔ اس دن مجھے بھی اندازہ ہوا کہ مرزا صاحب کے سینے میں علم کی کتنی دولت بھری پڑی ہے۔ فیض پشیمانی سے بار بار مرزا صاحب کی طرف دیکھتے تھے۔ پطرس دل ہی دل میں ہنس رہے تھے کہ دیکھا اسے کہتے ہیں علم کا سمندر ہم سب دم بخود ساکت بیٹھے مرزا صاحب کو آنکھیں پھاڑے دیکھ رہے تھے۔ پطرس نے مرزا صاحب کے جلال کو ختم کرنے کے لیے فوراً چائے کا سامان رکھوانا شروع کر دیا اور خدا خدا کر کے مرزا صاحب کا جلال رفع ہوا۔

**سوال نمبر۴:** **شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+2+2=5)**

الف۔
رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے !
ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے
ہے کوئی ہنگامہ تیری تربت خاموش میں
پل رہی ہے ایک قوم تازہ اس آغوش میں

ب۔
نیا یہ آج کے پرچے نے گل کھلایا ہے
کہ سہرا باندھ کے اک اونٹ بلبلایا ہے
شتر کے گھر میں پیام بہار ہے سہرا
کبھی کبھی تو بڑا بے مہار ہے سہرا

**سوال نمبر۵:** **شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+2+2=5)**

الف۔
سلسلہ ، فتنۂ قیامت کا
تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

ب۔
یہ وہ راستہ ہے دیار وفا کا
جہاں باد صر صر ، صبا ہو گئی ہے

ج۔
بات یہ ہے کہ سکون دل وحشی کا مقام
کنج زنداں بھی نہیں وسعت صحرا بھی نہیں

**سوال نمبر۶:** **دیے گئے اشارات کی مدد سے ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں:** **(10)**

الف۔ عیدین

(i) عید کا مفہوم ،مقصد اور اہمیت
(ii) عید الفطر ۔ رمضان المبارک کے پس منظر میں
(iii) عید الاضحیٰ ،حضرت ابراہیم کی قربانی کے تناظر میں
(iv) عیدین کا آنکھوں دیکھا حال
(v) عید کی حقیقی خوشیاں محتاجوں کی امداد

ب۔ یوم آزادی

(i) 14 اگست ۔ قیام پاکستان کی کہانی
(ii) علامہ اقبالؒ کا تصور پاکستان
(iii) قائداعظم کا پاکستان حاصل کرنا
(iv) آزاد ملک کا قیام
(v) یوم آزادی کی خوشیاں منانا